# صلوات برائے امام؏ خرالزمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ وَصَلِّ عَلَى وَلِيِّ الْحَسَنِ وَوَصِيِّهِ وَوَارِثِهِ الْقَائِمِ

اے معبود حضرت محمدؐ اور ان کے اہلبیتؑ پر رحمت فرما اور حسن عسکریؑ کے ولی وصی اور وارث پر رحمت کر جو تیرے امر پر قیام کرنے

بِأَمْرِكَ وَالْغَائِبِ فِي خَلْقِكَ وَالْمُنْتَظِرِ لِإِذْنِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَقَرِّبْ بُعْدَهُ وَأَنْجِزْ

والے تیری مخلوق کی نظروں سے پوشیدہ اور تیرے حکم کے انتظار میں ہیں اے معبود ان پر رحمت فرما انکو دور سے نزدیک کر ان کا وعدہ

وَعْدَهُ وَأَوْفِ عَهْدَهُ وَاكْشِفْ عَنْ بَأْسِهِ حِجَابَ الْغَيْبَةِ وَأَظْهِرْ بِظُهُورِهِ صَحَائِفَ الْمِحْنَةِ

وفا کر انکا پیمان پورا کر ان کی سختی دور کر غیبت کا پردہ ہٹا دے ان کے ظہور سے مشکلوں کا دور ختم کر دے دشمنوں پر ان کا رعب بٹھا دے

وَقَدِّمْ أَمَامَهُ الرُّعْبَ وَثَبِّتْ بِهِ الْقَلْبَ وَأَقِمْ بِهِ الْحَرْبَ وَأَيِّدْهُ بِجُنْدٍ مِنَ الْمَلائِكَةِ مُسَوِّمِينَ

انکے ذریعے دلوں کو مضبوط کر دے انکے ہاتھوں جہاد شروع کرا دے انکو مدد دے ان فرشتوں کیساتھ جنکے ساتھ نشان قدرت الٰہی ہو

وَسَلِّطْهُ عَلَى أَعْدَاءِ دِينِكَ أَجْمَعِينَ وَأَلْهِمْهُ أَنْ لا يَدَعَ مِنْهُمْ رُكْناً إِلَّا هَدَّهُ وَلا هَاماً إِلَّا

اور ان کو اپنے دین کے دشمنوں پر غلبہ عطا فرما اور ان کو حکم دے کہ ان کے ہر سردار کو زیر کریں ان کے شر کو دبا دیں

قَدَّهُ وَلا كَيْداً إِلَّا رَدَّهُ وَلا فَاسِقاً إِلَّا حَدَّهُ وَلا فِرْعَوْناً إِلَّا أَهْلَكَهُ وَلا سِتْراً إِلَّا هَتَكَهُ وَلا عَلَماً

انکے مکر کو توڑ دیں ہر بدکار پر حد جاری کریں ہر سرکش فرعون کو ہلاک کر ڈالیں ان کے پردے چاک کر دیں ان کے { ے گرا دیں

إِلَّا نَكَّسَهُ وَلا سُلْطَاناً إِلَّا كَسَبَهُ وَلا رُمْحاً إِلَّا قَصَفَهُ وَلا مِطْرَداً إِلَّا خَرَقَهُ وَلا جُنْداً إِلَّا فَرَّقَهُ

ان کی سلطنتوں کو زیر دست کرلیں، ان کے نیزوں کو توڑ ڈالیں، ان کے چھوٹے نیزوں کو پارہ کرڈالیں، ان کے لشکروں کو

وَلا مِنْبَراً إِلَّا أَحْرَقَهُ وَلا سَيْفاً إِلَّا كَسَرَهُ وَلا صَنَماً إِلَّا رَضَّهُ وَلا دَماً إِلَّا أَرَاقَهُ وَلا جَوْراً إِلَّا

پراگندہ کر دیں، ان کے منبر جلا دیں، ان کی تلواریں توڑ ڈالیں، ان کے بتوں کو چور کریں، ان کا خون بہا دیں، ان کے

أَبَادَهُ وَلا حِصْناً إِلَّا هَدَمَهُ وَلا بَاباً إِلَّا رَدَمَهُ وَلا قَصْراً إِلَّا خَرَّبَهُ وَلا مَسْكَناً إِلَّا فَتَّشَهُ وَلا سَهْلاً

ظلم مٹا دیں، ان کے قلعوں کو گرا دیں، ان کے راستے بند کر دیں، ان کے محل تباہ کر دیں، ان کے مورچے توڑ دیں، ان کے میدانوں پر قابض

إِلَّا أَوْطَأَهُ وَلا جَبَلاً إِلَّا صَعِدَهُ وَلا كَنْزاً إِلَّا أَخْرَجَهُ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.

ہوجائیں، پہاڑوں پر تسلط جمائیں اور ان کے خزانوں پر قبضہ کرلیں تیری رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم والے۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

مؤلف کہتے ہیں شیخ مفیدؒ جب سابقہ زیارت نقل کر چکے جسکی ابتداء اس طرح ہوتی ہے اللهُ اَكْبَرُ اللهُ اَكْبَرُ لاَ اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ اسکے بعد فرمایا کہ ایک اور روایت میں ہے کہ سرداب میں داخل ہو جائے تو یہ زیارت پڑھے اَلسَّلاَمُ عَلَىٰ الْحَقِّ الْجَدِيْدِ.... تا آخر پھر بارہ رکعت نماز کا ذکر کیا اور ارشاد کیا کہ نماز سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھے جو خود حضرتؑ ہی سے منقول ہے:

اَللّٰهُمَّ عَظُمَ الْبَلاءُ وَبَرِحَ الْخَفاءُ وَانْكَشَفَ الْغِطاءُ وَضاقَتِ الْاَرْضُ وَمَنَعَتِ السَّماءُ وَإِلَيْكَ

اے معبود مصیبت بڑھ گئی ہے اور رسوائی ہوچکی ہے پردہ فاش ہو گیا ہے زمین تنگ ہوگئی اور آسمان مخالف ہو گیا ہے

يَارَبَّ الْمُشْتَكىٰ وَعَلَيْكَ الْمُعَوَّلُ فِي الشِّدَّةِ وَالرَّخاءِ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ الَّذِينَ

اے پروردگار تیرے حضور شکایت لایا ہوں اور تجھی پر میرا بھروسہ ہے تنگی اور فراخی میں اے معبود محمدؐ اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرما

فَرَضْتَ عَلَيْنا طاعَتَهُمْ فَعَرَّفْتَنا بِذلِكَ مَنْزِلَتَهُمْ فَرِّجْ عَنَّا بِحَقِّهِمْ فَرَجاً عاجِلاً كَلَمْحِ الْبَصَرِ

j پیروی تو نے ہم پر واجب کی ہے پس اس طرح تو نے ان کے مرتبے کی پہچان کرائی ان کے حق کا واسطہ ہے ہمیں کشائش دے

أَوْ هُوَ أَقْرَبُ مِنْ ذلِكَ يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا مُحَمَّدُ انْصُرانِي فَإِنَّكُما ناصِرايَ وَاكْفِيانِي

جلدی چشم زدن میں یا اس سے بھی کم وقت میں اے محمدؐ اے علیؑ، اے علیؑ اے محمدؐ میری مدد کریں کہ آپ دونوں میرے مددگار ہیں میری نصرت کریں

فَإِنَّكُما كافِيايَ يَا مَوْلايَ يَا صاحِبَ الزَّمانِ الْغَوْثَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ أَدْرِكْنِي أَدْرِكْنِي أَدْرِكْنِي.

آپ دونوں میرے لیے کافی ہیں اے میرے آقا اے امام وقت اے دادرس، دادرس دادرس میری مدد کو آئیں میری مدد کو آئیں میری مدد کو آئیں۔

مولف کہتے ہیں یہ انتہائی عمدہ دعا ہے اسے سرداب میں اور دیگر جگہوں پر پڑھتے رہنا چاہیے ہم تھوڑے سے اختلاف کے ساتھ اس دعا کو پہلے باب میں نقل کر آئے ہیں۔ سید بن طاؤس ناقل ہیں کہ دو رکعت نماز ادا کر کے یہ زیارت پڑھے: سَلاَمُ اللهِ الْكَامِلُ التَّامُ الشَامِلُ تا آخر ہم نے یہ زیارت پہلے باب کی ساتویں فصل میں امام العصر (عج) سے استغاثہ کے عنوان سے بحوالہ کلم الطیب نقل کی ہے لہٰذا اس مقام پر ملاحظہ فرمائیں۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com